فوری ریلیز کے لیے: 19/1/2023 **_گورنر KATHY HOCHUL_**

گورنر HOCHUL نے پوری ریاست نیویارک میں 1,600 سے زیادہ سستے اور معاونتی گھروں کی تعمیر کے لیے $390 ملین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے

اس میں سراٹوگا سپرنگز میں 202 سستے گھروں کے لیے $61.4 ملین، بفلو میں سستے اور معاون ہاؤسنگ کمپلیکس کے لیے $40.1 ملین، جبکہ $20.4 ملین کی لاگت سے ہارلیم میں Mitchell-Lama کوآپریٹو کی تزئین و آرائش شامل ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ $390 ملین کے بانڈز اور سبسڈیز کا اجراء کیا گیا ہے تاکہ ریاست بھر میں 1,600 سے زیادہ سستے، پائیدار، اور معاونتی گھر بنائے جائیں یا انہیں محفوظ کیا جائے۔ جب اضافی نجی فنڈنگ اور وسائل کے ساتھ مل کر کام کیا جائے گا، تو فنڈنگ حاصل کرنے والے دس پروجیکٹس سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ مجموعی سرمایہ کاری میں $600 ملین سے زیادہ کا اضافہ کریں گے جو مقامی اقتصادی ترقی کی کوششوں میں مدد فراہم کرے گی اور سلامت، محفوظ اور صحت مند رہائش کے مواقع کی فراہمی کو بڑھانے کے لیے نیویارک کے عزم کو آگے بڑھائے گی۔

"جب کہ ہماری ریاست ہاؤسنگ کے شدید بحران کا شکار ہے، تو 1,600 سے زیادہ نئے گھر بنانے اور محفوظ کرنے کے لیے یہ سرمایہ کاری نیویارک کی رہائش کی کمی کو پورا کرنے کی جانب ایک اہم قدم کی نشاندہی کرتی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "میری انتظامیہ کے لیے اوّلین ترجیح ہے یہ ہے کہ ہماری رہائش کی سپلائی کی تعمیر، تحفظ اور استحکام پر کام کیا جائے، اور میں ایسے حل پیش کرنے کے لیے پُرعزم ہوں - جیسے نیویارک ہاؤسنگ کمپیکٹ - تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ ہمارے پاس ہر اس شخص کے لیے کافی، محفوظ، اور سستی رہائش موجود ہے جو نیویارک کو اپنا گھر کہنا چاہتا ہے۔"

یہ سرمایہ کاری ریاست نیویارک گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کے اکتوبر اور دسمبر 2022 کے بانڈ کے اجراء کے ذریعے ممکن ہوئی ہے جس کے نتیجے میں $231.2 ملین کے ٹیکس کے قابل اور ٹیکس سے مستثنیٰ رہائشی بانڈز اور $159 ملین کی سبسڈی دی گئی ہے، اس کے ساتھ کلین انرجی انیشیٹو پائلٹ پروگرام (Clean Energy Initiative pilot program) کے ذریعے $2.7 ملین کی سرمایہ کاری کی فراہمی شامل ہے۔

ایوارڈز میں شامل ہیں:

دارالحکومت کا علاقہ

<u>**سراٹوگا سپرنگز شہر میں ٹائٹ لین ریزرو کے لیے $61.6 ملین۔**</u> اس پروجیکٹ میں ٹاؤن ہوم اور تین منزلہ واک اپ عمارتوں کے مجموعے میں 202 سستے اپارٹمنٹس بنائے جائیں گے۔ ریاست نیویارک کے دفتر برائے عارضی اور معذوری کی معاونت (New York State Office of Temporary and Disability Assistance) کے زیر انتظام امپائر سٹیٹ سپورٹیو ہاؤسنگ انیشیٹو (Empire State Supportive Housing Initiative) ایوارڈ کے ذریعے بے گھری کا سامنا کرنے والے افراد کے لیے دس اپارٹمنٹس مختص کیے جائیں گے۔ اس پروجیکٹ کو NYSERDA کے کم منزلوں والے رہائشی تعمیر نو پروگرام میں سے $148,200 دیئے گئے تھے۔ یہ ترقی اس

اعلیٰ مواقع والے علاقے میں مزید رہائشی عمارتوں کی اجازت دینے کے لیے ری زوننگ کرنے کے نتیجے میں ہوئی ہے۔

ٹرائے شہر میں ٹیلر I اپارٹمنٹس کے لیے 51.5$ ملین۔ ٹرائے ہاؤسنگ اتھارٹی کے دو خالی اور متروکہ مکانات کو منہدم کر کے اس کی جگہ ایک نئی تعمیر شدہ سات منزلہ عمارت بنائی جائے گی جس میں 141 اپارٹمنٹس اور 2,000 مربع فٹ سے زیادہ گراؤنڈ فلور کمرشل جگہ موجود ہو گی۔ تمام اپارٹمنٹس کا احاطہ پروجیکٹ پر مبنی سیکشن 8 واؤچرز کی جانب سے کیا جائے گا جو ٹرائے ہاؤسنگ اتھارٹی کی جانب سے جاری کیے جائیں گے۔ شہر کے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام (Downtown Revitalization Initiative) منصوبے کے لیے ٹیلر I ایک ترجیحی پروجیکٹ ہے جس کو جنوبی وسطی ٹرائے میں دریا کنارے کے علاقے کی تزئین و آرائش کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔

فنگر لیکس

مونرو کاؤنٹی کے شہر ہینریٹا میں مارکیٹ پلیس سینئر اپارٹمنٹس کے لیے 43$ ملین۔ اس چار منزلہ عمارت میں 55 سال اور اس سے زائد عمر کے بزرگ شہریوں کے لیے 150 سستے اپارٹمنٹس شامل کیے جائیں گے، جن میں سے 45 گھر ایسے ہوں گے جو ان بزرگ شہریوں کے لیے مختص کیے جائیں گے جنہیں خودمختاری سے رہنے کے لیے معاون خدمات کی ضرورت ہوتی ہے۔ آن سائٹ خدمات کی فنڈنگ، ریاست نیویارک کے دفتر برائے دماغی صحت (New York State Office of Mental Health) کے زیرِ انتظام امپائر سٹیٹ سپورٹیو ہاؤسنگ انیشیٹو ایوارڈ کے ذریعے کی جائے گی۔ توانائی کے انتہائی موثر ڈیزائن کی معاونت ریاست نیویارک کا محکمہ برائے توانائی کی تحقیق اور ترقی کے اقدام کی جانب سے 825,000$ ایوارڈ سے کی گئی ہے۔

نیویارک سٹی

برونکس کے فورڈھم ہائٹس سیکشن میں بیڈفورڈ گرین ہاؤس فیز II کے لیے 44.7$ ملین۔ اس 17 منزلہ عمارت میں 116 سستے اپارٹمنٹس بنائے جائیں گے جن میں معاونتی خدمات والے 70 اپارٹمنٹس بے گھری کے شکار ہونے والے افراد کے لیے مختص کیے جائیں گے۔ ان رہائشیوں کو ریاست نیویارک کے دفتر برائے دماغی صحت کے زیرِ انتظام امپائر سٹیٹ سپورٹیو ہاؤسنگ انیشیٹو ایوارڈ کے ذریعے فنڈ شدہ کرائے میں سبسڈیز اور خدمات حاصل ہوں گی۔ باقی 46 اپارٹمنٹس خاندانوں اور 62 سال یا اس سے زیادہ عمر کے بزرگ شہریوں کے لیے ہوں گے۔ اس ترقیاتی کام میں 2,300 مربع فٹ کا ایک طبی کلینک بھی شامل ہو گا تاکہ رہائشیوں اور آس پاس کی کمیونٹی کو خدمات فراہم کی جائیں۔

بروکلین کے مشرقی نیویارک کے مضافات میں شیفرڈ گلینمور کے لیے 44.2$ ملین۔ اس سات منزلہ عمارت میں 123 سستے اپارٹمنٹس بنائے جائیں گے جن میں معاونتی خدمات والے 74 اپارٹمنٹس ایسے افراد کے لیے مختص ہوں گے جو مجرمانہ انصاف میں شمولیت، منشیات کے استعمال کے عارضوں، یا دماغی بیماری کی وجہ سے بے گھری کا شکار ہوں۔ ان خدمات اور کرایہ داری میں سبسڈیز کی مالی اعانت ریاست نیویارک کے دفتر برائے دماغی صحت کے زیرِ انتظام امپائر سٹیٹ سپورٹیو ہاؤسنگ انیشیٹو ایوارڈ کے ذریعے کی جائے گی۔ اضافی آٹھ اپارٹمنٹس کو بزرگ شہریوں کے لئے مختص کیا جائے گا۔ توانائی کے مؤثر استعمال والی عمارت کی چھت پر ایک سولر تختہ نصب کیا جائے گا تاکہ موقعے پر بجلی پیدا کی جا سکے۔

برونکس کے مشرقی ٹریمونٹ مضافات میں کروٹونا بیلمونٹ بزرگ شہریوں کی رہائش کے لیے 27.5$ ملین. اس دس منزلہ عمارت میں 62 اور اس سے بڑی عمر کے بزرگوں کے لیے 134 سستے اپارٹمنٹس شامل کیے جائیں گے۔ 41 اپارٹمنٹس سابقہ بے گھر بزرگ افراد کے لیے مختص کیے گئے ہیں جنہیں نیویارک سٹی ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن گرانٹ کے ذریعے فنڈ شدہ معاونتی خدمات حاصل ہوں گی۔ نیو یارک سٹی ہاؤسنگ اتھارٹی کے زیر انتظام سیکشن 8 پروجیکٹ پر مبنی واؤچرز کے ذریعے تمام گھرانوں کو کرائے میں امداد دی جائے گی۔

<u>مینہٹن کے ہیملٹن ہائٹس کے مضافات میں ریور ویو ٹاورز کے لیے 20.4$ ملین۔</u> اس پروجیکٹ سے 385 سستے گھروں کے ساتھ ریاستی نگرانی میں 25 منزلہ مچل لاما کوآپریٹو میں اہم بہتریوں کو فنڈ دیا جائے گا۔ بنیادی طور پر 1964 میں تعمیر کی گئی، اس عمارت میں بہتری لانے کے لیے بہت سا مرمت کا کام ضروری ہے جیسے کہ چھت کی تبدیلی اور ایسبیسٹوس کی کمی، بوائلرز اور متعلقہ پائپنگ کی تبدیلی، نئی کھڑکیاں اور بالکونی کے دروازے، اور تعمیراتی مرمت درکار ہے۔ اپ گریڈ کرنے کے ان کاموں سے توانائی کے مؤثر استعمال میں بہتری آنے اور عمارت کے ایندھن کے استعمال میں 14 فیصد کمی ہونے کی توقع ہے۔ یہ ریور ٹاورز، انکارپوریٹڈ کی ملکیت ہے۔

مڈ ہڈسن کا علاقہ

<u>کنگسٹن شہر میں سٹیوسنٹ اپارٹمنٹس کے لیے 39.6$ ملین۔</u> اس پروجیکٹ میں کنگسٹن ہاؤسنگ اتھارٹی سے ملحقہ 120 اپارٹمنٹ ہاؤسنگ ڈویلپمنٹ کی بحالی شامل ہے۔ بنیادی طور پر 1972 میں محکمہ ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ کے سیکشن 236 پروگرام کے تحت اس عمارت کو تعمیر کیا گیا تھا، اس عمارت کی وسیع پیمانے پر مرمت کی جائے گی اور نظاموں میں تبدیلی لائی جائے گی تاکہ عمارت کی کارآمد زندگی کو بڑھایا جا سکے، رہائشیوں کے لیے حفاظت اور معیار زندگی میں بہتری لائی جائے، اور توانائی کی کارکردگی میں اضافہ ممکن ہو۔ ان انتہائی ضروری مرمتوں کے لیے فنڈز فراہم کرتے ہوئے، اس پروجیکٹ پر سرمایہ کاری کرنے سے عمارت کے رہائشیوں کو طویل مدت تک سستی رہائش کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔

مغربی NY

<u>ایری اور نیاگرا کاؤنٹیز میں میگنولیا ہاؤسنگ سکیٹرڈ سائٹ پروجیکٹ کے لیے 17.7$ ملین۔</u> یہ پروجیکٹ ریاست کی جانب سے فنڈ شدہ چار موجودہ سستے رہائشی ترقیاتی کاموں میں کُل 96 اپارٹمنٹس سمیت سستی رہائش کو یقینی بنانے اور معتدل بحالی میں معاونت کرے گا۔ ان عمارتوں میں آسٹن مینور اور گریٹوک مینور شامل ہیں، جو دونوں بفلو میں واقع ہیں؛ چیکٹوواگا کے قصبے میں Haskell Stovroff؛ اور نارتھ ٹوناونڈا شہر میں الزبتھ ہاروے موجود ہے۔ نئے آلات، کھڑکیوں، LED لائٹنگ، HVAC نظاموں، اور واٹر ہیٹر کی تنصیب کے ذریعے اپ گریڈ کے اقدامات کرنے سے توانائی کے مؤثر استعمال میں کم از کم 20 فیصد تک اضافہ متوقع ہے۔

<u>بفلو میں نارتھ پارک کے مضافات میں پین امریکن اسکوائر کے لیے 40.1$ ملین۔</u> اس ترقیاتی کام میں چار منزلوں پر مشتمل تین عمارتوں کی تعمیر شامل ہو گی جو خالی زمین پر تعمیر کی جائیں گی جن میں کل 150 مکانات موجود ہوں گے۔ دماغی بیماری والے افراد کے لیے اسّی اپارٹمنٹس مختص کیے جائیں گے اور ریاست نیویارک دفتر برائے ذہنی صحت کے کمیونٹی ریذیڈنس سنگل روم آکوپنسی (Community Residence Single Room Occupancy) پروگرام کی جانب سے معاونت کی جائے گی۔ بے گھری کا سامنا کرنے والے بالغوں کے لیے اضافی 20 گھر مختص کیے جائیں گے اور ان کی فنڈنگ ریاست نیویارک کے دفتر برائے دماغی صحت کے زیرِ انتظام امپائر سٹیٹ سپورٹیو ہاؤسنگ انیشیٹو ایوارڈ کے ذریعے کی جائے گی۔ ان عمارتوں کو پائیداری کے اعلیٰ معیارات پر پورا اترنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے اور نیویارک اسٹیٹ انرجی ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ ایجنسی کے کلین انرجی انیشیٹو کے ذریعے 1.9$ ملین کا ایوارڈ وصول کیا گیا ہے۔

گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا، "آج کا اعلان نیویارک میں ہاؤسنگ کی پیداوار کو بہت زیادہ بڑھانے کے گورنر Hochul کے دلیرانہ ایجنڈے کی غمازی کرتا ہے۔ ہماری ریاست کا مستقبل اس طرح کی سرمایہ کاریوں پر منحصر ہے جو ہمارے مضافاتی علاقوں کے لیے پائیدار، صحت مند اور محفوظ گھر فراہم کرتی ہیں اور تمام کمیونٹیز میں وسائل اور مواقع تک رسائی میں اضافہ کرتی ہیں۔ پیش رفت کرنے والے ان دس اقدامات کو فنڈ دیتے ہوئے، ہم 1,600 سے زیادہ گھرانوں کی مدد کر سکتے ہیں تاکہ وہ استحکام حاصل کریں، سستی زندگی گزاریں، اور ان کمیونٹیز میں رہنے میں مدد کر سکیں جنہیں وہ اپنا گھر کہتے ہیں۔ مبارکباد کے لائق ہیں ہمارے تمام ترقیاتی اور فنڈنگ والے شراکت دار جنھوں نے یہ شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔"

ذہنی صحت کے دفتر کی کمشنر Dr. Ann Sullivan نے کہا، "بحالی کے عمل میں محفوظ اور مستحکم رہائش ایک اہم عنصر ہے۔ یہ معاون ہاؤسنگ پروجیکٹس ذہنی امراض میں مبتلا لوگوں کو اپنے گھروں اور کمیونٹیز میں رہنے

اور پھلنے پھولنے میں مدد کر رہے ہیں۔ گورنر Hochul نے شاندار وکالت کی ہے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھی ہوئی ہیں کہ نیویارک کے ہر شہری کو ذہنی صحت کی خدمات تک رسائی حاصل ہو۔"

ریاست نیویارک کے عارضی اور معذوری کی امداد کے دفتر کے کمشنر Daniel W. Tietz نے کہا، "جن ترقیاتی کاموں کو فنڈز دیئے جا رہے ہیں وہ پوری ریاست نیویارک میں سستی اور معاونتی مکانات کی دستیابی کو وسیع کرنے کے گورنر Hochul کے عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔ معاونتی رہائش نہ صرف رہنے کی جگہ فراہم کرتی ہے، بلکہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے درکار خدمات بھی فراہم کرتی ہیں کہ سابقہ بے گھر افراد اور خاندان مستحکم طور پر رہائش پذیر ہو سکتے ہیں۔ ہمیں ان پروجیکٹس پر اپنے ریاستی اور مقامی شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کرنے پر خوشی ہے۔"

ریاست نیویارک کے محکمۂ تحقیق و ترقئ توانائی کی صدر اور CEO Doreen M. Harris نے کہا، "سرسبز پائیدار رہائش کو بڑھانے کے لیے عوامی اور نجی مدد سے فائدہ اٹھانا گورنر Hochul کے سستی ہاؤسنگ کے اہداف میں مرکزی حیثیت رکھتا ہے کیونکہ ہم ریاست نیویارک میں صاف توانائی والی ایک مساوی معیشت کو فروغ دے رہے ہیں۔ HCR کے ساتھ ہماری شراکت داری کے ذریعے، اس طرح کے پروجیکٹس کو تکنیکی معاونت اور انسینٹیوز حاصل ہوتے ہیں جو نئی اور موجودہ دونوں طرح کی عمارتوں میں توانائی کے مؤثر استعمال والے آلات اور صاف قابل تجدید توانائی کو شامل کرنے میں مدد کرتے ہیں، جو آنے والی نسلوں کے لیے صحت مند کمیونٹیز کو فروغ دینے میں مدد کرتی ہیں۔"

قائم مقام ریاستی محکمۂ صحت کے کمشنرDr. James McDonald نے کہا، "مستحکم رہائش ہم سب کے لیے، ہر وقت ضروری ہوتی ہے۔ رہائشی عدم استحکام سے صحت کے مسائل بڑھ جاتے ہیں اور صحت کی عدم مساوات میں مزید اضافہ ہوتا ہے۔ رہائش کی غیر یقینی صورتحال کا مقابلہ کرنے والے نیویارک کے شہری بچپن کی اور دائمی بیماریوں کا زیادہ شکار ہوتے ہیں۔ گورنر Hochul صحیح معنوں میں اس بات کو سمجھتی ہیں کہ رہائش کے مواقع میں سرمایہ کاری سے اس بات کو یقینی بناتے ہوئے بڑے ثمرات حاصل ہوں گے کہ نیویارک کے تمام شہریوں کے لیے محفوظ اور سستی رہائش تک، نیویارک کے تمام شہریوں کو رسائی حاصل ہو۔"

رکن اسمبلی Linda B. Rosenthal نے کہا، "ریاست نیویارک کو واقعی رہائش کے ایک ناگہانی بحران کا سامنا ہے، اور نیویارک کے شہریوں کو گھر کہلانے کے لائق سستی، قابل رسائی اور مستحکم جگہوں کی ضرورت اس سے زیادہ پہلے کبھی نہیں ہوئی تھی۔ اس امر کی روشنی میں کہ، گورنر Hochul کی جانب سے سستی رہائش کے لیے $390 ملین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کا اعلان — NYCHA پراپرٹیز سے لے کر، معاونتی رہائشوں، بزرگ افراد کی کمیونٹیز کی خدمت کرنے والے کمپلیکسز تک — ایک خوش آئند ترقیاتی پیش رفت ہے۔ عظیم کساد بازاری کے بعد سے کوئی وقت بھی ایسا نہیں آیا جس میں نیویارک کے شہریوں کو بے گھری کا اس قدر سامنا ہوا ہو جتنا کہ آج یہ بحران درپیش ہے، ہم اس کے لیے آدھے اقدامات کے متحمل بھی نہیں ہو سکتے ہیں۔ اس بحران سے نمٹنے کی جانب ایک حوصلہ افزا پہلا قدم، یہ مختص کردہ سرمایہ کاریاں ہیں جو ہماری بھرپور کوشش کی متقاضی ہیں۔"

<u>گورنر Hochul کا ہاؤسنگ کا ایجنڈا</u>

FY 2023 کے ریاستی بجٹ میں، گورنر نے $25 بلین کا، ایک ایسا نیا پانچ سالہ، جامع رہائشی منصوبہ متعارف اور کامیابی سے منظور کروایا ہے جو نیویارک بھر میں 100,000 کم قیمت گھروں کی تعمیر یا بحالی کر کے رہائش کی گنجائش میں اضافہ کرے گا، جس میں کمزور آبادیوں کے لیے معاونتی خدمات والے 10,000 گھروں کے علاوہ، 50,000 اضافی گھروں میں بجلی کی فراہمی شامل ہے۔

نیویارک کے ہاؤسنگ کمپیکٹ، یعنی ایک جامع، کثیر الجہت حکمتِ عملی، میں ہر کمیونٹی میں رہائشی اضافے کے حصول کے لیے مقامی شرکت کے تقاضے اور مراعات شامل ہیں تاکہ ریاست کا ہر حصہ اس ہنگامی بحران کو حل کرنے میں شراکت دار ہو۔ یہ منصوبہ MTA کی ریل سٹیشنوں والی بلدیات سے تقاضا کرے گا کہ زیادہ گنجان آباد رہائشی عمارات کے لیے مقامی طور پر دوبارہ علاقہ بندیاں کروائی جائیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418